# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام:مصوتہ 'و' سے دو حرفی الفاظ پڑھنا | |

**مقاصد:** مصوتہ 'و' سے دو حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 13،

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بورڈ پر مصوتہ 'الف' 'و' 'ی' اور 'ے' لکھیں۔ اور بچوں سے مصوتوں کی پڑھائی کروائیں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے بورڈ پر مصوتہ 'الف' سے بننے والے چند ارکان اور الفاظ لکھیں۔
- جماعت کے بچوں سے ان ارکان اور الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- جماعت کے بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ آپس میں بات چیت کر کے بورڈ پر لکھے ارکان اور الفاظ میں سے مصوتہ 'الف' کی نشان دہی کریں۔
- جو بچے اس کام کو درست اور جلدی مکمل کریں ان کے لیے تالیاں بجوائیں۔



**تدریسی طریقہ:** (25منٹ)

- جماعت میں جانے سے پہلے حروف تہجی کے فلیش کارڈ بنا کر ان کو ایک ایک لکڑی کی اسٹک پر گوند کی مدد سے چپکا کر تیار کر لیں۔
- بورڈ پر ستارے کی شکل میں کٹے ہوئے چارٹ پیپر پر حرف "و" لکھیں اور بورڈ کے درمیان میں لگا دیں۔
- بچوں سے سوال کریں کہ یہ کون سا حرف ہے اور اس کی آواز کیا ہے؟
- اس کے بعد جماعت کے بچوں میں حروف تہجی کے بنے فلش کارڈ ایک ایک کر کے تقسیم کر دیں۔
- اب ایک ایک بچے کو کھڑا کریں اور بچے سے پوچھیں کہ اس بچے کے پاس جو حروف تہجی کا حرف ہے اس کو مصوتہ 'و' سے ملا کر پڑھے تو کون سا دو حرفی لفظ بنتا ہے؟
- اسی طرح جماعت کے تمام بچوں کو کھڑا کر کے مصوتہ 'و' سے ارکان بنوائیں۔
- درست طور پر ارکان بنانے میں بچوں کی مکمل مدد کریں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں ایک ڈبے میں ڈال کر جماعت کے کمرے کے میز پر رکھیں۔
- اس کے بعد جماعت کے بچوں سے ان کی کتاب کا صفحہ نمبر 13 کھلوائیں۔
- ڈبے میں سے ایک پرچی نکالیں جس بچے کا نام نکلے اس سے کتاب کے صفحے کی پہلی لائن کی پڑھائی کروائیں۔
- اسی طرح جماعت کے سارے بچوں سے پڑھائی کروائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروا دیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر حروف تہجی کے چند حروف اور مصوتہ 'و' بھی لکھیں۔ متفرق بچوں سے مصوتہ 'و' اور حروف تہجی کی مدد سے بننے والے ارکان سنیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) گھر سے مصوتہ 'و' اور حروف تہجی کی مدد سے بننے والے ارکان بنانے کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: حرف کو مصوتہ 'و' سے ملا کر ارکان بنانا | |


**مقاصد:** حرف کو مصوتہ 'و' سے ملا کر ارکان بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 13، چارٹ پیپر کے کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اعادہ کے لیے بچوں سے فرداً فرداً کتاب کا صفحہ نمبر 13 کھلوائیں اور ان سے حروف تہجی اور مصوتہ 'و' سے بننے والے ارکان کی پڑھائی سنیں۔
- درست کام کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور ان کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)




- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم گزشتہ روز کی طرح مصوتہ 'و' کے ساتھ باقی حروف کو ملا کر بننے والے ارکان کو پڑھنا اور لکھنا سیکھیں گے۔

بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 13 کھلوائیں اور آج لکھوائے جانے والے 9 ارکان کے چارٹ پیپر کے کارڈ اس طرح سے تیّار کر لیں کہ ان کی ایک طرف ارکان کے حروف الگ الگ کر کے لکھے ہوں اور دوسری طرف مکمل ارکان لکھا ہو۔

- بچوں کو باری باری تمام کارڈ دکھاتے جائیں اور ہاتھ بلند کروا کر ان کی خواندگی کرواتے جائیں۔
- یہ سرگرمی آج پڑھائے جانے والے تمام ارکان کے لیے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- جماعت کے بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ ان کے نام رکھ دیں اور تختہ تحریر پر بھی چار کالم بنا کر ان گروہوں کے نام اس پر لکھ دیں۔
- اب انھیں کچھ وقت دیں کہ وہ ایک بار آج پڑھائے جانے والے ارکان کو پڑھ کر ان سے متعلق ایک ایک چیز بتانے کے لیے تیّار ہو سکیں۔
- اب استاد باری باری مختلف ارکان کے کارڈ بچوں کو دکھائیں۔
- جو بچہ سب سے پہلے ہاتھ بلند کرے، اس سے رکن کا نام اور اس سے بننے والی کسی ایک چیز کے بارے میں پوچھیں۔
- درست چیز یا لفظ بتانے پر دو نمبر دیے جائیں اور غلط بتانے پر صرف رکن کے لیے ایک نمبر دیا جائے۔
- بچہ جس بھی چیز کا نام بتائے، استاد اس کے گروہ کے نام والے کالم میں لکھ لیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر تمام گروہوں کے نمبروں کو گنا جائے اور جس گروہ کے نمبر سب سے زیادہ ہوں انھیں فاتح قرار دے کر کوئی انعام بھی دیا جائے۔
- اس کے بعد بورڈ پر مصوتہ 'و' اور حروف تہجی کے چند حروف لکھیں اور بچوں سے ان کے ارکان بنا کر لکھنے کو کہیں۔
- اسی طرح کتاب کا صفحہ نمبر 13 کھلوائیں اور کتاب کا کام مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروا دیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر حروف تہجی کے چند حروف اور مصوتہ 'و' بھی لکھیں۔ متفرق بچوں سے مصوتہ 'و' اور حروف تہجی کی مدد سے بننے والے ارکان لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) گھر سے مصوتہ 'و' اور حروف تہجی کی مدد سے بننے والے ارکان بنا کر لکھنے کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
|---|---|---|
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: مصوتہ 'و' سے تین اور چار حرفی الفاظ پڑھنا | |


**مقاصد:** مصوتہ 'و' سے تین اور چار حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 14۔

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بورڈ پر چند تصاویر چسپاں کریں۔ مثلاً نوٹ، روٹی، طوطا، یویو، صوفہ، مور وغیرہ
- جماعت کے بچوں کو فرداً فرداً بلائیں اور ان سے تصاویر کا نام بورڈ پر لکھنے اور ان میں مصوتہ 'و' کی شناخت کرنے کو کہیں۔
- اس کام کو مکمل کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔

**تدریسی طریقہ:** (25منٹ)




- اب بچوں کو چاروں مصوتوں کے کارڈ دکھا کر ان کے نام اور آوازیں پوچھیں۔
- جماعت کے بچوں کی جوڑیاں بنا دیں۔
- پھر ہر جوڑی کو آئس کریم کون ایک پیپر پر لگا کر دیں۔



- کون کے نیچے والے حصوں پر مکمل الفاظ (جو کتاب کے صفحہ 14 پر ہیں) اور ان کے اوپر والے حصوں پر ان الفاظ کے ارکان یا حروف لکھ کر انھیں کاٹ کر الگ الگ کر دیں۔
- ہر جوڑی کے حصے میں ایک ایک لفظ آئے گا۔ (ایک کون پر ایک لفظ لکھا ہو گا اور اسی لفظ کے حروف کون کے اوپر والے حصوں پر لکھ کر انھیں کاٹ کر الگ الگ کر کے ملا کر انھیں دیں گے)۔
- اب ہر جوڑی سے کہیں کہ وہ کون پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور ان کے اوپر والے حصوں میں سے انھیں الفاظ پر مشتمل ان کے اوپر والے حصوں کو ڈھونڈیں اور انھیں ملا کر لفظ بنائیں۔
- جب سب بچے مل کر کون کے اوپر والے حصوں کو جوڑ کر الفاظ بنالیں تو ایک گروپ کے لیڈر کو بلائیں جو الفاظ پر مشتمل کون والا پیپر تختہ تحریر پر چسپاں کرے گا۔
- پھر وہ باری باری ان الفاظ اور ان کے حروف کی آواز کی ادائی کرے گا۔
- پھر استاد بچوں سے ان الفاظ کی ادائی کروائیں اور ان کے حروف کے بارے میں پوچھیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی تمام بچوں سے کروائیں۔
- سب سے پہلے اور درست طور پر کام کرنے والی جوڑیوں کو چارٹ پیپر کے بنے ہوئے Stars کے بیج لگائے جائیں گے۔
- اب بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 14 کھلوائیں اور اس پر دیے گئے الفاظ کو باری باری پڑھنے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| پڑھنے کی سرگرمی کو مزید دل چسپ بنانے کے لیے استاد کوئی ایک رکن بچوں کو بتائیں اور بچے اسے سنتے ہی جلدی سے ہاتھ بلند کر کے جلدی سے اس رکن سے متعلقہ اس صفحے پر موجود تمام الفاظ کو باری باری پڑھیں۔ یہ سرگرمی تمام الفاظ کے لیے کروائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بچوں سے صفحہ نمبر14 کے تمام الفاظ باری باری سنانے کے لیے کہیں۔ ہر بچہ ایک ایک لفظ ضرور پڑھے۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)گھر سے صفحہ نمبر14 پر موجود الفاظ پڑھ کر آنے ہیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام:ابتدائی آواز تبدیل کر کے نئے الفاظ بنانا | |


**مقاصد:** الفاظ کی ابتدائی آواز تبدیل کر کے نئے الفاظ بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 14


**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے میز پر ایک ٹوکری میں بچوں کے ناموں کی پرچیاں ڈال کر رکھ لیں۔
- ایک ایک پرچی کھولیں اور جس بچے کا نام نکلے اس کو کھڑا کر کے کہیں کہ وہ اپنے نام کے پہلے حرف کو بدل کر نیا حرف لگائیں اور ایک نیا نام بورڈ پر لکھیں۔
- جیسے:"ناعمہ"کا"ن"بدل کر"ص"لگانے سے ناعمہ کی جگہ صائمہ بن جائے گا۔
- اس سرگرمی کو جماعت کے سارے بچوں کے ساتھ کریں۔
- اس کے ساتھ ہی بچوں کو بتائیں کہ آج ہم لفظ کا پہلا حرف بدل کر نیا حرف لگا کر نیا لفظ بنانے کی مشق کریں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)




- جماعت کے بچوں سے صفحہ نمبر 14 کھلوائیں اور سرگرمی میں موجود تمام الفاظ کی بچوں کو بلند آواز میں پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیں کہ جیسا کہ آپ لوگ جانتے ہو کہ آج ہم الفاظ کا پہلا حرف بدل کر نیا لفظ بنائیں گے۔
  جیسے: جوڑا سے توڑا۔




- اب کتاب کے صفحے پر موجود باقی الفاظ چارٹ پیپر کی بنی قلفیوں پر لکھیں۔
- اسی طرح سے تمام الفاظ پر مبنی قلفیاں تیار کر لیں۔
- اب جماعت کے چار گروہ بنالیں اور ہر گروہ کو الفاظ پر مبنی دو دو قلفیاں دے دیں۔
- جماعت کے تمام بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ آپس میں بات چیت کرنے کے بعد ان الفاظ کی پہلی آواز یعنی حرف تبدیل کر کے نیا حرف لگا کر نیا لفظ بنائیں اور قلفی پر لکھے لفظ کے نیچے لکھیں۔
- اس کام کو مکمل کرتے ہوئی بچوں کی نگرانی کریں۔ جہاں بچے مشکل محسوس کریں ان کی راہ نمائی کریں۔
- کام مکمل ہونے کے بعد ایک ایک گروہ کے نمائندوں کو اپنے پاس بلائیں اور ان کی نئے الفاظ پر مبنی قلفیاں چیک کریں۔
- جن کے الفاظ غلط بنے ہیں ان سے دوبارہ الفاظ بنوائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں۔ متفرق بچوں کو بلوا کر ان الفاظ کی ابتدائی آواز بدلوا کر نئے الفاظ لکھنے کے لیے کہیں َ۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) گھر سے الفاظ کی پہلی آواز بدل کر نئے الفاظ بنانے کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: مصوتہ 'ی' سے ارکان والفاظ پڑھنا اور لکھنا | |

**مقاصد:** مصوتہ 'ی' سے ارکان والفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 15، بچوں کے ناموں کی پرچیاں،

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں سے کل کے سبق کا اعادہ کروانے کے لیے بورڈ پر کچھ ارکان لکھیں جیسے: چھوڑا۔ بھولا، دھونا، روتا، وغیرہ۔
- جماعت کے بچوں کے نام لکھ کر ایک ڈبے میں ڈالیں ڈبے کو اپنے ہاتھ میں رکھیں۔
- ڈبے کو ہلائیں اور ایک پرچی نکالیں جس بچے کا نام نکلے گا وہ بورڈ پر لکھے ارکان کی پڑھائی کرے گا۔
- متفرق بچوں کے ساتھ یہ سرگرمی کروائیں تاکہ کل کا سبق بچوں کے ذہنوں میں تازہ ہو سکے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم مختلف حروف کی دوستی مصوتہ "ی" سے کروائیں گے اور مختلف الفاظ بنائیں گے۔
- اب تختہ تحریر پر مصوتہ "ی" لکھیں۔
- پھر بولیں: بچو! ہم مصوتہ "ی" کی دوستی کرواتے ہیں حرف "ب" سے۔ بچوں سے پوچھیں کہ "ب" دوست بنا "ی" کا تو کیا رکن بنا؟
- ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں، پھر تختہ تحریر پر رکن "بی" لکھیں۔
- ساتھ ساتھ بچوں کو اس کی آواز کی ادائی کروائیں۔
- خیال رکھیں کہ مخلوط رکن "بی" ہی پڑھائیں اور جوڑ ہرگز نہ کروائیں۔ جیسے "ب" کی دوستی ہوئی "ی" سے تو ایک رکن بنا اور وہ ہے: "بی"۔
- بچوں سے کہیں کہ رکن "بی" کے ساتھ کوئی حروف یا رکن لگا کر کوئی لفظ بنائیں۔
- ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں اور مختلف الفاظ بنوائیں۔ جیسے: چابی۔
- اسی طرح یہ سرگرمی کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر موجود پہلی تین لائنوں پر مکمل کروائیں۔
- اس کے بعد اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا لیں۔
- سب بچوں کو دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب ایک بچے کی طرف گیند اچھالیں اور اسے کوئی رکن بتائیں اور مصوتہ "ی" سے بنے رکن "جی" سے نیا لفظ بنانے کو کہیں۔
- بچہ گیند پکڑے گا اور اس رکن کو مصوتہ "ی" سے بننے والے رکن "جی" کے ساتھ ملا کر متعلقہ لفظ "باجی" بتائے گا۔
- لفظ بنانے کے بعد پھر گیند اپنے سے آگے کھڑے بچے کی طرف اچھالے گا۔
- اور استاد اس بچے کو کوئی نیا رکن بتائے گا۔ یوں ارکان سازی کا یہ کھیل چلتا رہے گا۔

| |
|---|
| • جس گروہ کے بچوں نے درست اور زیادہ ارکان بتائے ہوں گے، وہ گروہ فاتح قرار پائے گا۔<br>• اس کے بعد کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر موجود مصوتہ "ی" سے بننے والے ارکان اور الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔<br>• اس کے لیے پہلے سے بنی بچوں کے ناموں کی پرچیاں ڈالیں۔<br>• ایک ایک کر کے پرچیاں نکالیں جس بچے کا نام نکلے اس سے صفحے پر موجود الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر مصوتہ "ی" سے بننے والے الفاظ لکھیں اور بچوں کو ان کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)گھر سے مصوتہ "ی" سے بننے والے الفاظ کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: الفاظ کے حروف الگ الگ کرنا | |
| **مقاصد:** الفاظ کے حروف الگ الگ کر سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مار کر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 15 بچوں کے ناموں کی پرچیاں، اسٹکی نوٹس، جار | | |

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)




- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کے ناموں کی پرچیاں لکھ کر ایک جار میں ڈال لیں۔
- جار میں سے ایک پرچی نکالیں جس بچے کا نام نکلے اس بچے سے کہیں کہ وہ اپنا نام جا کر بورڈ پر لکھے۔
- اسی طرح یہ سرگرمی چند بچوں کے ساتھ مزید کریں۔
- اس کے بعد بورڈ پر جا کر ایک ایک بچے کے ناموں کے حروف بچوں کی ہی مدد سے الگ الگ کروائیں۔
- بعد ازاں ان حروف کی بچوں کو بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد استاد اپنا نام بورڈ پر لکھے اور متفرق بچوں سے ان کے نام کے حروف الگ کرنے کے لیے کہیں۔
- جو بچہ درست حروف الگ کرے گا اس بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ کے حروف الگ الگ کرنے کی سرگرمی کریں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)



- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 15 کھلوائیں۔
- صفحے پر لکھیں کے تحت دی گئی سرگرمی کے الفاظ کی بچوں سے پڑھائی کروائیں۔
- پہلے زبانی طور پر الفاظ کے حروف الگ کروانے کی سرگرمی کروائیں۔
- اس کے بعد جن الفاظ کے حروف الگ کروانے ہیں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ لیں۔
- اس کے بعد صفحے پر موجود تمام الفاظ کی حرفی پرچیاں بنائیں جن کو ملا کر الفاظ بنوانا مقصود ہے۔
- جماعت کی تعداد کی مناسبت سے ایک لفظ کی زیادہ پرچیاں بھی بنائی جا سکتی ہیں۔
- مثال کے طور پر لفظ "**باجی**" کے حروف "ب، ا، ج، ی" الگ الگ پرچیوں پر لکھیں۔
- اب بچوں کو دو لائنوں میں ایک دوسرے کے سامنے کھڑا کریں۔
- ہر طالب علم کو ایک ایک پرچی دے دیں اور ہدایت دیں کہ یہ متعلقہ لفظ کا ایک حصہ ہے اور ہر بچے کے پاس مختلف حروف ہیں اس لیے جماعت میں گھوم کر متعلقہ لفظ کے حروف اکٹھے کریں اور انھیں ترتیب میں بورڈ پر متعلقہ لفظ کے نیچے چسپاں کریں۔
- ترتیب وار حروف متعلقہ لفظ کے نیچے چسپاں کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

| |
|---|
| • بورڈ پر حروف ملا کر لفظ بنا کر دکھائیں۔ اس کے لیے چھوٹی اشکال بچوں سے پوچھیں۔<br>• اس تصور کی وضاحت کریں کہ جب حروف مل کر الفاظ بناتے ہیں تو وہ اپنی شکلیں بدل لیتے ہیں۔<br>• اس کے بعد کتاب کا صفحہ نمبر 15 کھلوائی اور کتاب کا کام مکمل کروائیں۔<br>• کام مکمل کروانے میں بچوں کی مکمل مدد کریں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے حروف الگ الگ کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)گھر سے الفاظ کے حروف الگ کرنے کی مشق کر کے آنی ہے۔ |